23 March 2021

- یوم پاکستان کے اس پرمسرت موقع پر آپ سب کو خوش آمدید اور بہت مبارک۔

- 23 مارچ 1940 کا دن، برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ دن مسلمانوں کی جدوجہد میں ایک اہم موڑ تھا جب انھوں نے واضح الفاظ میں ایک آزاد مملکت کا مطالبہ کیا۔

- قائداعظم نے اس موقع پر جو تاریخی خطاب کیا، اس میں انھوں نے زور دیا کہ مسلمانوں کی حیثیت اقلیتوں کی

نہیں، بلکہ وہ علیحدہ قوم ہیں جو کہ مذہبی، معاشرتی اور سیاسی طور پر ہندؤں سے مختلف ہیں۔

"The Muslims are a nation according to any definition of a nation, and they must have their homeland, their territory and their state.... We must be prepared to face all difficulties and consequences, make all the sacrifices that may be required of us, to achieve the goal we have set in front of us."

یہ قائداعظم کی طرف سے ایک واضح پیغام تھا، ایک نئی حکمت عملی تھی اور ایک نیا Road Map تھا۔

- قائداعظم کی اس پکار پر سب نے لبیک کہا اور سات سال کی مدت میں پاکستان ایک تابندہ، جاوداں اور روشن حقیقت بن کر دنیا کے نقشہ پر ابھرا۔

خواتین و حضرات۔

- ہمیں قائداعظم کا ۱۱ اگست ۱۹۴۶ کا خطاب بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ جب ~~انہیں~~ انھوں نے مستقبل کے پاکستان اور اس کے منشور کے خدوخال واضح کیے۔

- اس موقع پر انھوں نے تاکید سے بتا دیا کہ پاکستان میں اب ہر شہری کے مساوی حقوق ہوں گے

"You are free to go to your temples, to your mosques.... Muslim ceased to be a Muslim, and a Hindu ceased to be a Hindu not in a religious sense, but in a political sense as citizens of the State"

- اسی خطاب میں قائداعظم نے یہ بھی کہا تھا کہ بہت سارے لوگ Partition سے خوش نہیں۔ انھوں نے کہا کہ میری Judgement کے مطابق ایک United India کبھی کامیاب نہ ہوتا اور ہمیں ایک بڑی تباہی کی طرف لے جاتا۔ ایک دن تاریخ اس بات کا فیصلہ ضرور کرے گی۔

- خواتین و حضرات، تاریخ نے وہ فیصلہ

دے دیا ہے۔ دو قومی نظریہ آج ایک بار پھر ثابت ہو گیا ہے۔

۔ آج کل ہندوستان میں انتہا پسند BJP کی حکومت کے ہاتھوں جو مسلمانوں کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے، ناانصافیاں ہو رہی ہیں، غیر مساوی سلوک ہو رہا ہے۔ کشمیر کی خوبصورت وادیوں میں جو خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے اور انسانی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے، اس نے ہمیں آزادی کی قدر بتا دی ہے، ایک آزاد وطن میں جینے کی اہمیت بتائی ہے اور ہمارے بزرگوں کی ان تھک محنت اور بے انتہا قربانیوں کی قدر و قیمت کا احساس بھی دلایا ہے۔

تو آج اس اہم قومی تہوار کی اہمیت
اصل میں یہ ہے۔ آج کا دن اپنے وطن
سے تجدید وفا کا دن ہے۔ اس کے ساتھ
اپنیت اور یگانیت کا دن ہے ، اور
اپنے آباؤ اجداد کو خراج تحسین پیش کرنے
کا دن ہے ، یہ ہمارے درمیان بھائی چارہ
کا ، تنظیم اور اتحاد کا دن ہے : مجھے
خوشی ہے کہ ہم یہاں اکٹھے ہو کر یکجا ہو
کر اس قومی تہوار کو منا رہے ہیں ۔

~~شکریہ~~

خواتین و حضرات

۔ پاکستان کی پہچان اور بقا ، پاکستان کے
لوگوں میں ہے ، چاہے وہ ملک میں رہ
رہے ہوں یا بیرونِ ملک ۔ آپ کی
کامیابی ، چاہے وہ تعلیم کے میدان میں

ہو، کاروبار میں ہو یا کسی اور شعبہ میں،
وہ پاکستان کی کامیابی ہے اور ہم سب
کے لیے فخر کی بات ہے۔

- بیرونِ ملک پاکستانی ہمارا اثاثہ ہیں۔
آپ سب کی پاکستان سے محبت کا وابستگی کا
شکریہ، پاکستان کی ترقی کے لیے آپ کی
جو کاوشیں ہیں اس کا شکریہ۔

خواتین و حضرات

- چین اور پاکستان کی دوستی لازوال ہے،
منفرد ہے، ایک آہنی بھائی چارہ ہے۔
میری اور میرے ساتھیوں کی یہ خواہش اور
بھرپور کوشش ہے کہ ہم اسے مضبوط سے
مضبوط تر بنائیں۔

- اس سال دونوں ممالک اپنے سفارتی

تعلقات کی سترویں سالگرہ منا رہے ہیں۔
سال بھر میں سو سے زائد تقریبات اور
مختلف activities کا اہتمام کیا گیا ہے۔

HBL ، Puppet Show ، web site ، Logo

- کتابوں کی publication
- sister city relationship
- (Economic, Media, Youth, Women) Webinars
- Great Wall پر لائٹس۔
- پارک میں مینارِ پاکستان
- فوٹو تصاویر کی نمائش
- فوڈ فیسٹیول
- Kite Show
- Special Coins & Stamps

ہمیں امید ہے کہ ان activities سے دونوں
ممالک کے تعلقات اور زیادہ مضبوط ہوں
گے اور دوستی کے یہ جذبات ہم نئی اور
آنے والی نسلوں کو منتقل کر سکیں گے۔
آپ سب کی حمایت اور ساتھ چاہیے۔

۔ یہ ایک گزرا ہوا سال پوری انسانیت
کے لیے بہت مشکل گزرا۔ کورونا کی وبا
ہم سے سارے ممالک متاثر
ہوئے ۔ جن جن کے جاننے والے اور چاہنے
والے اس بیماری سے بیمار ہیں ان کی
صحت کے لیے دعا کرتے ہیں اور جو وفات پا
گئے ان کی مغفرت کی دعا کرتے ہیں ۔
اس موقع پر چین کی حکومت کے شکر گزار ہیں
کہ انھوں نے ہمارا بڑا ساتھ دیا اور اب
ایک بڑی تعداد میں Vaccine بھی فراہم
کی ۔ پاکستان کے لیے یہ ایک اہم
امداد ہے اور حکومتی کوششیں اس وبا کو
قابو پانے کے لیے ہیں ، اس میں بڑی
حد تک مدد کریں گی ۔

★ نیا پاکستان

۔ مجھے ایک پاکستانی ہونے پر فخر ہے اور
مجھے یقین ہے کہ آپ بھی پاکستان کے
ساتھ وابستگی پر فخر محسوس کرتے ہیں۔
۔ آزادی کی قدر قیمت کو جانتے ہوئے، ایک
آزاد وطن کی اہمیت کا احساس لیے ہوئے،
آئیے عہد کریں کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی
~~استحکام کے~~، بقا اور روشن مستقبل کے لیے
ہم سب مل کر متحد ہو کر نیک نیتی سے،
خلوص سے اور ایک احساسِ ذمہ داری
سے کام کریں گے۔ انشاءاللہ
اللہ تعالیٰ آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔
پاکستان پائندہ باد۔

- ہم کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ شانہ
بشانہ کھڑے ہیں - ان کے خلاف جو ظلم
ہو رہا ہے اور حقوق انسانیت کی جو پامالی ہو رہی
ہے اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں - ہم ان
کی آواز بنیں گے ہر ملک میں، ہر ایوان میں
اور سیاسی، سفارتی اور حمایت ہمیشہ
جاری رکھیں گے ۔

- آج ایک نئے پاکستان کی بنیاد ڈالی جا رہی
ہے - ایک مضبوط جمہوری ریاست - Eco security
ہماری اولین ترجیحات میں سے ہے - تعلیم، صحت
کے شعبوں میں خصوصی توجہ دی جا رہی ہے - ایک
ایسا معاشرہ جو کرپشن سے پاک ہو، جہاں سماجی
انصاف اور غریب کی فلاح ہو اسے تشکیل دیا جا رہا
ہے - ماحولیات پر زور ہے تو سیاحت کو فروغ
دیا جا رہا ہے

میرا دل تیری محبت کا ہے جانِ عشق دیار

میرا سینہ تیری حرمت کا ہے سنگین حصار

میرے محبوب وطن تجھ پہ اگر جاں ہو نثار

میں یہ سمجھوں گا ٹھکانے لگا سرمایہ تن

اے وطن پیارے وطن